NEW YORK STATE | Department of Taxation and Finance

سکول ٹیکس ریلیف (STAR) کریڈٹ کے لیے رجسٹر کریں۔

اپنا نیا گھر آپ کو مبارک ہو! اگر یہ آپ کی بنیادی رہائش گاہ ہو گی، تو STAR کریڈٹ میں اندراج کے لیے کچھ وقت نکالیں۔

نئے مکان مالکان اہل ہونے کی صورت میں ریاستِ نیو یارک کی جانب سے چیک یا براہِ راست ڈپازٹ کی شکل میں اپنی STAR بچتیں وصول کریں گے۔

لیکن STAR کریڈٹ کی وصولی کے لیے آپ کو ریاستِ نیو یارک کے محکمہ محصولات (Tax Department) کے ہمراہ اندراج کروانا پڑے گا۔

آپ دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن **www.tax.ny.gov/star** پر اندراج کروا سکتے ہیں۔

جائیداد کے ایسے مالکان جن کے پاس کمپیوٹر تک رسائی نہیں وہ فون نمبر 518-457-2036 پر ہفتے کے دنوں میں صبح 8:30 سے شام 4:30 بجے کے درمیان کال کے ذریعے اپنا اندراج کروا سکتے ہیں۔

STAR اندراج کی ایپلیکیشن پر ہمارے صارفین کی جانب سے فیڈبیک:

'پیچیدگی سے پاک اور استعمال میں آسان۔'

'بے حد صارف دوست۔ مرحلہ بہ مرحلہ آگے بڑھنے میں آسان۔'

'میں نے توقع کی تھی کہ یہ ایک طویل، اکتا دینے والا عمل ہو گا... لیکن یہ نہیں تھا۔'

کیا آپ STAR کے لیے اہل ہیں؟

اگر آپ اپنے گھر کے مالک ہیں، اور یہ آپ کی بنیادی رہائش گاہ ہے، اور آپ کی آمدنی 500,000$ یا اس سے کم ہے، تو آپ بنیادی STAR کریڈٹ کے لیے اہل ہیں۔

مزید برآں، اگر آپ کی عمر 65 برس یا اس سے زائد ہے اور آپ کی آمدنی 98,700$ یا اس سے کم ہے، تو آپ اضافی STAR کریڈٹ کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

اپنے نئے گھر کے پہلے سال میں، آپ کو سابق مالک کا STAR استثنیٰ وصول ہو سکتا ہے۔ مستقبل کے سالوں میں، آپ اس وقت تک STAR کریڈٹ کی ادائیگی وصول کرتے رہیں گے، جب تک آپ اس کے اہل رہتے ہیں۔ آپ کو دوبارہ اندراج کروانے کی ضرورت نہیں۔

اپنا اندراج کروانے سے قبل، ان معلومات کو دستیاب بنائیں:

- ☐ جائیداد کے تمام مالکان کے نام اور سوشل سیکیورٹی نمبرز اور ان کے شریکِ حیات کے نام
- ☐ اس اسکول ڈسٹرکٹ کا نام جہاں آپ کی بنیادی رہائش گاہ واقع ہے
- ☐ وہ اندازاً تاریخ کہ جب آپ نے جائیداد خریدی، اور فروخت کنندگان کے نام
- ☐ اگر آپ نے اسکول ٹیکس بل وصول کیا ہے، تو حالیہ ترین بل
- ☐ کسی دوسری ریاست میں کسی بھی ملکیتی رہائشی جائیداد کا پتہ
- ☐ اگر جائیداد کی ملکیت کسی ٹرسٹ میں ہے، تو ٹرسٹ کا قانونی نام
- ☐ تمام مالکان کے لیے سال 2022 کے وفاقی یا ریاستی انکم ٹیکس گوشوارے (اگر آپ نے سنہ 2022 میں انکم ٹیکس گوشوارہ جمع نہیں کروایا تھا، تو آپ سے جائیداد کے تمام مالکان کی مالی معلومات فراہم کرنے کا تقاضہ کیا جائے گا)